بقول مصنف اُردو میں پہلی کوشش ہے اس میں کتاب نمبر کی ضرورت۔ اس کا کام۔ اس کی ایجاد۔ بشیرالدین اسکیم وغیرہ پر گفتگو کرنے کے بعد کتاب نمبر بنانے کا قاعدہ اور اُس کے اصول بڑی شستہ زبان میں بیان کئے گئے ہیں اور آخر میں اس سے متعلق بعض مفید مشورے دئے گئے ہیں۔ یہ کتاب بقامت کمتر اور بقیمت بہتر کا مصداق ہے۔ فن لائبریری کے طلباء کے علاوہ عام اربابِ ذوق جو اپنی چھوٹی موٹی لائبریریاں رکھتے ہیں اُن کے لئے اس کا مطالعہ مفید اور ضروری ہے۔

آج کل کا موسیقی نمبر مرتبہ جناب عرش ملسیانی و مظفر شاہ صاحبان ضخامت ۱۴۰ صفحات کتابت وطباعت اعلیٰ قیمت عہ، پتہ:۔ پبلیکیشن ڈویژن پوسٹ بکس ۲۰۱۱ دہلی۔

یہ حکومت ہند کے مشہور و معروف اُردو ماہنامہ آج کل کا خاص نمبر ہے جس میں فنِ موسیقی کی تاریخ۔ اُس کی مختلف قسمیں اور شاخیں۔ اُن کی خصوصیات، عہدِ حاضر کے مشہور اربابِ فن کا تذکرہ مع ان کے فوٹو کے۔ اس فن کے مختلف مرکز اور ان کے فنی مختصات ان سب پر سیر حاصل مضامین نظم ونثر ہیں۔ جو لوگ اس فن کے متعلق نظری معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے یہ نمبر بڑے کام کی چیز ہے اور اس حیثیت سے آج کل کے گذشتہ نمبروں کی طرح یہ نمبر بھی اپنے موضوع اور مقصد میں بہمہ وجوہ کامیاب ہے اگرچہ یہ ظاہر ہے کہ ہندوستان کا فن موسیقی اس قدر وسیع اور ہمہ گیر ہے اور اُس کی شاخیں اس قدر پھیلی ہوئی ہیں کہ کسی ماہنامہ کا ایک نمبر اُن سب کا احاطہ نہیں کرسکتا۔

اسلامی زندگی مع اسلامی دوامی جنتری مرتبہ جناب نسیم احمد صاحب علوی تقطیع خورد ضخامت ۵۲ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت درج نہیں پتہ:۔ مدرسہ نور محمدیہ قصبہ جھنجھانہ ضلع مظفرنگر۔ یوپی

اس کتاب میں وہ اسلامی آداب دفعہ وار بیان کئے ہیں جن کی ضرورت ہر مسلمان کو عبادات معاملات اور معاشرت میں پیش آتی ہے آخر میں ایک باب ہے جس میں اخلاقی تعلیمات سے متعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات سلیس اور عام فہم اُردو میں لکھ دئے گئے ہیں، ساتھ ہی